بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# رپورٹ

## تیسواں ۳۰ سالانہ اجتماع 2017ء مجلس انصاراللہ نیدرلینڈ

محض خدا تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصاراللہ نیدرلینڈ کا تیسواں (۳۰) اجتماع 2017ء اپنی شان وشوکت کے ساتھ مورخہ 8,7 اور 9 جولائی بروز جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو بیت النور نن سپیت میں منعقد ہوا۔ امسال اجتماع کا موضوع نحن انصاراللہ تھا اور اسی حوالے سے تلاوتیں قرآنِ کریم، نظمیں، تقاریر اور بینرز بھی تیار کئے گئے تھے۔ نیز اسی حوالے سے ایک نمائش کا انتظام بھی خصوصی طور پر کیا گیا تھا۔ اجتماع میں محترم امیر صاحب ھبتہ النور فرحاخن صاحب۔ صدر صاحب مجلس انصاراللہ محترم مرزا فخر احمد صاحب اور مربیان اکرام کی تقاریر خاص طور پر اسی موضوع پر تھیں۔ حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اِس موقع پر خصوصی پیغام بھی ازراہِ شفقت ارسال فرمایا جس کو خاص طور پر ہر سیشن میں پڑھ کر سنایا گیا۔ نحن انصاراللہ کے حوالہ سے اس سال سٹیج کا بڑا بینر بھی منفرد انداز سے تیار کیا گیا تھا۔

### ☆ اجتماع کی تیاری:

اجتماع کے جملہ انتظامات کیلئے محترم صدر مجلس مرزا فخر احمد صاحب نے کئی ماہ قبل ہی خاکسار نصیر احمد طاہر کو ناظمِ اعلیٰ اجتماع مقرر کیا۔ جس کے بعد خاکسار نے اجتماع کی ٹیم جس میں نائب ناظمین اعلیٰ، ناظمین اور نائب ناظمین تھے، کی منظوری حاصل کرکے اجتماع کا کام شروع کیا۔ کُل ۳۱ شعبہ جات بنائے گئے اور بعض شعبوں میں مختلف ریجن سے معاونین کی خصوصی ٹیمیں بھی مقرر کی گئیں۔

ابتدائی طور پر مندرجہ ذیل کاروائی عمل میں لائی گئی:

1۔ اجتماع کی کامیابی کیلئے صدقہ دیا گیا۔

2۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمتِ اقدس میں دعائیہ خط لکھا گیا۔

3۔ گذشتہ سالوں کے تجربات کو ریڈیک سے نوٹ کرکے متعلقہ شعبہ جات کا حصہ بنایا گیا۔

4۔ بنیادی اہمیت کے کرنے والے کام مکمل کیے، جیسے جنرل پلاننگ آف اجتماع، اجتماع کا پروگرام۔ علمی، ورزشی مقابلہ جات کی تفصیل/سلیبس۔ بجٹ خرچ اجتماع اور انفرادی فائلیں تمام شعبہ جات جن میں Tasks اور ڈیوٹیز کے علاوہ اجتماع کے بارے میں دوسری ضروری معلومات بھی درج کیں۔

5۔ تمام شعبہ جات کے ناظمین سے انفرادی ملاقاتیں کرکے اُن کو اُن کی فائلیں دی گئیں، اس کے بعد ہونے والے کاموں کا جائزہ لیا جاتا رہا اور جہاں ضرورت محسوس ہوئی محترم صدر صاحب کی ہدایت، رہنمائی کی روشنی میں مدد کی گئی۔

6۔ مورخہ ۱۰ جون کو تمام ناظمین کی ایک جنرل میٹنگ بلائی گئی اور اجتماع کے کاموں کا حتمی جائزہ لیا گیا۔

## ☆ حاضری بڑھاؤ سکیم:

اجتماع کے سارے انتظامات اگر ہو بھی جائیں مگر حاضری نہ ہو تو ہم اِس کو کامیاب اجتماع نہیں کہہ سکتے اور اجتماع کے اغراض و مقاصد پورے نہیں ہو سکتے۔ امسال اِس مقصد کو حاصل کرنے کیلئے مندرجہ ذیل مساعی کی گئی:

1۔ تمام انصار کو اجتماع سے چھ ماہ قبل اطلاع براہِ راست اور بذریعہ مقامی زعماء دی گئی۔

2۔ اپریل میں ہونے والے جلسہ سالانہ جماعت ہالینڈ کے موقعے پر اعلانات کروائے گئے نیز علمی و ورزشی مقابلہ جات کی تفاصیل پرنٹ کرکے مہیا کی گئی۔

3۔ ایک خصوصی **وزٹنگ کارڈ** چھپوایا گیا اور تمام انصار کو تقسیم کیا گیا۔

4۔ ایک خصوصی دعوتی کارڈ چھپوا کر ڈچ اور اُردو دونوں زبانوں میں تمام انصار کو بذریعہ ڈاک مرکزی طور پر بھجوایا گیا جس پر اجتماع کی اہمیت کے علاوہ درخواست کی گئی تھی کہ ان دنوں کو اپنی ڈائیریوں میں نوٹ کرلیں اور ان دنوں کوئی اور پروگرام نہ رکھیں۔

5۔ محترم صدر صاحب مجلس کی طرف سے ایک اور خط مرکزی طور پر تمام انصار کو بھجوایا گیا اور ساتھ ہی علمی، ورزشی مقابلہ جات کی تفاصیل بھی ارسال کی گئیں۔

6۔ A-2 سائز کے خوبصورت پوسٹرز: اُردو اور ڈچ زبانوں میں تیار کروا کر اجتماع سے بہت پہلے تمام مشن ہاؤسز میں آویزاں کیے گئے۔

7۔ گزشتہ دو سالوں میں اجتماع پر نہ آنے والے انصار کی فہرست تیار کی گئی اور اُن کو خصوصی خطوط صدر صاحب مجلس کی جانب سے بذریعہ ڈاک بھجوائے گئے۔

8۔ گزشتہ دو سالوں میں اجتماع پر نہ آنے والے انصار کی فہرست تیار کرکے زعماء مقامی مجالس اُن کے گھروں میں ذاتی طور پر ملنے گئے اور صدر صاحب کا پیغام اور سلام پہنچایا۔

9۔ مرکزی طور پر ناظم صاحب، حاضری مہم نے تمام انصار سے بذریعہ ٹیلی فون رابطہ کیا اور اجتماع پر آنے کی درخواست کی۔

10۔ ماہانہ اجلاسات مرکزی عاملہ، زعماء میں اجتماع کا جائزہ لیا جاتا رہا، حاضری کے بارے میں تلقین کی گئی۔ یاددہانی کرائی گئی اور صدر صاحب کی ہدایات کی روشنی میں ایکشن لیا گیا۔

11۔ زعماء مقامی مجالس نے بھی اپنے ماہانہ اجلاسات میں توجہ دلانے کے علاوہ انصار بھائیوں کو بذریعہ وزٹ اور دوسرے ذرائع سے بھرپور کوشش کی۔

12۔ مرکزی طور پر شعبہ ٹرانسپورٹ نے بھی تمام انصار کے بارے میں بذریعہ زعماء رپورٹ تیار کی کہ کون انصار ایسے ہیں کہ اجتماع پر آنا چاہتے ہیں مگر سواری کا انتظام نہیں ہے۔

13۔ ایسے انصار کی ٹرانسپورٹ کیلئے ایک با قائدہ پلان کے تحت مدد کی گئی۔

14۔ اجتماع سے چند ہفتے قبل آنے والے جمعہ پر خصوصی اعلانات کروائے گئے۔

15۔ عیدالفطر کے موقع پر صدر صاحب مجلس نے ایک خصوصی عید مبارک کا پیغام تمام انصار بھائیوں کو بھیجا اور اجتماع کی یاددہانی کروائی۔

16۔ اجتماع سے چند روز قبل Last Minute Message صدر صاحب مجلس کی جانب سے تمام انصار کو بھجوایا گیا۔

17۔ اجتماع کے پہلے روز شام کو حاضری کا جائزہ لیا گیا۔ جو انصار شامل نہ ہوئے تھے اُن کو بذریعہ مقامی زعماء مجالس رابطہ کیا گیا اور باقی دنوں شمولیت کی درخواست کی گئی۔

## ☆ اجتماع گاہ اور سائیٹ کی تیاری

مورخہ 30 جون کو صدرِ مجلس، ناظمِ اعلیٰ اور نائب ناظمین اعلیٰ نے سائیٹ اور اجتماع والی جگہ کا جائیزہ لیا اور ہونے والے کاموں کی فہرست تیار کی۔ اس کے بعد 5 اور 6 جون کو بڑا وقار عمل ہوا جس میں تمام انصار بھائیوں نے سائیٹ کو صاف کیا اور اجتماع گاہ کی صفائی اور تیاری کے علاوہ نمائیش کچن، تقسیم خوراک کا عمل، رہائیش گاہوں، ٹائیلیٹس اور باتھ روم کی صفائی کے علاوہ پورے بیت النور میں نئے پودے اور پھول بھی لگائے گئے۔ سارے شعبہ جات کی جگہ کو تیار کیا گیا۔

## ☆ امسال اجتماع کی خاص باتیں:

1۔ امسال اجتماع کے موضوع نحن انصاراللہ کو مدِنظر رکھتے ہوئے تلاوتیں، نظمیں، تقریریں اور علمی مقابلہ جات اور نمائیش کا انتظام کیا گیا۔

2۔ خصوصی نمائش لگائی گئی جس میں **نحن انصاراللہ** کے علاوہ تاریخ انصاراللہ مرکزیہ اور تاریخ انصاراللہ نیدرلینڈ۔ نیشنل پروگراموں اور مقامی پروگراموں کی تصاویر اور دیگر مواد آویزاں کیا گیا۔

3۔ دو خصوصی Presentations کا اہتمام کیا گیا۔ ایک **تاریخ انصاراللہ اور تعلیم القرآن اور وقف عارضی**۔

4۔ ورزشی مقابلہ جات میں **والی بال** کو پہلی بار شامل کیا گیا۔

5۔ خصوصی طور پر سپورٹس ٹی شرٹس تیار کروائیں گئیں جن پر اجتماع انصاراللہ کا LOGO لگوایا گیا تھا۔(نحن انصاراللہ)

6۔ امسال بیت النور میں رہائش کیلئے بہتر انتظامات کئے گئے تھے جسکی وجہ سے 50 سے زائد انصار نے دوران اجتماع رہائش رکھی اوراس دینی، روحانی ماحول سے مستفید ہوئے۔

7۔ دورانِ اجتماع اس دفعہ تازہ روٹی اور پراٹھے مہیا کئے گئے۔

8۔ اس دفعہ تیاری خوراک (لنگر خانہ) کا کام جمعرات کی دوپہر کو ہی شروع کر دیا گیا جو کہ اتوار کی شام تک جاری رہا۔

9۔ امسال اجتماع کے دوسرے روز رات کو BBQ کا انتظام کیا گیا جس میں سارے انصار، امیر صاحب، مربیانِ کرام اور دوسرے مہمانان شامل ہوئے۔منفرد انداز میں انعقاد ہونے والے اِس پروگرام میں رفاعی تنظیموں ہیومینٹی فرسٹ اور یونیسیف کے نمائندوں کے علاوہ پریس کی ایک نمائندہ خاتون بھی تھیں۔

10۔ اجتماع کے دوسرے روز شام کو BBQ سے قبل ایک خصوصی پروگرام چیریٹی واک کے حوالے سے منعقد ہوا جس میں دو رفاعی تنظیموں ہیومینٹی فرسٹ اور یونیسیف کو 2500 یورو فی تنظیم دیا گیا۔یاد رہے، اِس سال ۲۰ مئی 2017ء کو مجلس انصاراللہ نیدرلینڈ کی طرف سے چیریٹی واک کی گئی تھی اور دس ہزار یورو سے زائد رقم اکٹھی کی گئی۔

11۔ اس سال اجتماع کے سلسلے میں خصوصی پریس ریلیز بھی کی گئی جس پر مقامی پریس کی ایک نمائندہ خاتون بھی آئیں تھیں۔ اجتماع کے اگلے روز مقامی اخبار میں فوٹوز کے ساتھ رپورٹ چھپی۔

12۔ اس سال اجتماع گاہ متوقع حاضری کے پیشِ نظر وسیع کیا گیا تھا۔الحمدللہ پروگراموں کے دوران اجتماع گاہ بھرا ہوا تھا۔

13۔ اس سال پہلی پر مرتبہ اجتماع کا پروگرام باقاعدہ شکل میں رنگین چھپوایا گیا تھا۔

14۔ خصوصی شیڈ اول، دوئم اور سوئم آنیوالی مجالس کو دی گئیں۔پہلے کارگردگی کے لحاظ سے صرف اول آنیوالی مجالس کو دی گئیں۔ اس دفعہ اضافی طور پر یہ شیلیڈز بھی دی گئیں۔

15۔ اس سال پہلی مرتبہ تمام انصار کو اجتماع سے قبل ایک خصوصی دعوت نامہ بھی بجھوایا گیا۔رنگین اور خوبصورت دعوت نامہ اُردو اور ڈچ دونوں زبانوں میں پرنٹ کیا گیا۔

**☆پہلا دن۔ ۷ جولائی جمعہ:**

خدا کے فضل سے رجسٹریشن کا دفتر صبح ۱۱ بجے سے اپنا کام شروع کر چکا تھا۔ 11:30 بجے محترم صدر صاحب مجالس معائنے اور دوسرے شعبوں کا جائزے کی غرض سے مختلف شعبوں میں تشریف لے گئے۔دورانِ وزٹ صدر صاحب نے ناظمین کو خصوصی

ہدایات سے نوازا اور بہترین انتظامات پر خوشنودی کا اظہار فرمایا۔الحمد اللہ۔
13:30 پر جمعہ کا آغاز ہوا۔اس کے بعد 2 بجے حضورِ اقدس کا خطبہ براہِ راست لندن سے سنا گیا۔

**تقریب پرچم کشائی:**
**15:45** پر پرچم کشائی کی تقریب کا آغاز ہوا۔نیدرلینڈ کے محترم امیر صاحب نے انصاراللہ کا پرچم محترم صدر صاحب مجلس نے فضا میں بلند کیا جس کے ساتھ ہی نعرۂ تکبیر کے نعروں سے فضا گونجنے لگی۔محترم مشنری انچارج صاحب نے دعا کرائی۔اِس کے بعد دو بچوں (ایک بچہ + ایک بچی) نے محترم امیر صاحب کی خدمت میں پھولوں کا خوبصورت گلدستہ پیش کیا۔محترم امیر صاحب چند منٹ ان پیارے پیارے بچوں سے گفتگو بھی کرتے رہے اور اپنی شفقت کا اظہار فرمایا۔

**افتتاحی اجلاس:**
چار بجے سہ پہر افتتاحی اجلاس کا آغاز تلاوتِ قرآنِ قریم سے ہوا۔عہد انصاراللہ کے بعد نظم ہوئی۔محترم صدر صاحب مجلس نے خوش آمدید کہتے ہوئے مختصر سا خطاب فرمایا اور حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے موصول ہونے والا خصوصی پیغام پڑھ کر سنایا۔اس کے بعد محترم مشنری انچارج نعیم احمد وڑائچ صاحب نے اردو میں تقریر کی جس کا عنوان تھا:

**خاندان کے سربراہ کی حیثیت سے انصار کی ذمہ داریاں اور بچوں کی تربیت**

یہ تقریر نہایت ہی پُر اثر تھی اور موقع کے مناسب تھی۔

**ورزشی مقابلہ جات:**
پانچ بجے ورزشی مقابلہ جات کا آغاز بیت النور کے احاطہ میں ہوا۔اِن میں میوزیکل چیئرز، کلائی پکڑنا، ٹیبل ٹینس اور نشانہ بازی (DART) شامل تھے۔انصار نے بڑی تعداد میں ان میں حصہ لیا۔

**علمی مقابلہ جات:**
شام آٹھ بجے علمی مقابلہ جات کا آغاز ہوا۔اِن میں تلاوتِ قرآنِ کریم، حفظِ قرآن اور نظم کے مقابلے شامل تھے۔ان میں بھی انصار کی بڑی تعداد نے حصہ لیا۔

**6۔ دوسرا دن ۔ ہفتہ 8 جولائی:**

دوسرے دن کا آغاز پروگرام کے مطابق نمازِ تہجد سے ہوا۔ اِس کے بعد نمازِ فجر اور درس القران ہوا۔ وقفے کے بعد ناشتہ ہوا۔

**ورزشی مقابلہ جات:**

اجتماعی دعا کے بعد دس بجے نن سپیت میں موجود ایک کھیل کے میدان میں ورزشی مقابلہ جات کیلئے روانگی ہوئی۔ یہاں پر والی بال اور فٹ بال کے مقابلہ جات ہوئے۔

**خصوصی سیشن محسن انصاراللہ:**

کھانے اور نماز ظہر وعصر کے بعد 14.30 پر اِس خصوصی سیشن کا آغاز تلاوتِ قرآنِ کریم سے ہوا جس کی صدارت محترم صدر صاحب مجلس نے فرمائی۔

اِس کے بعد محترم صدر صاحب نے اُردو زبان میں خطاب فرمایا جس کا موضوع تھا

**استحکامِ خلافت اور انصار کی ذمہ داریاں**

اِس کے بعد **تاریخ انصاراللہ مرکزیہ اور نیدرلینڈ** پر خصوصی Presentation دی گئی جس میں انصاراللہ کے آغاز 1940ء سے لے کر 1989ء تک مرکزیہ کی اور پھر 1989ء سے لے کر اب تک نیدرلینڈ کی تاریخ کے بارے میں دلچسپ انداز میں **معلومات** فراہم کی گئیں۔ اِس کے بعد دوسری Presentation پیش دی گئی، جس کا موضوع تھا

**تعلیم القران اور وقفِ عارضی**

اِس کی اہمیت پر واضح انداز پر روشنی ڈالی گئی۔

**مشاعرہ:**

6 بجے سے ساڑھے سات بجے شام تک مشاعرہ کا انعقاد اجتماع گاہ میں ہی ہوا۔ جس میں کچھ انصار بھائیوں نے اپنا کلام سنایا اور کچھ نے درثمین اور کلام طاہر سے بڑی خوش الحانی سے کلام پڑھ کر حاضرین کو محظوظ کیا۔

**چیریٹی واک سیشن اور باربی کیو:**

شام تقریباً 9 بجے BBQ (باربی کیو) کا انتظام بیت النور کے احاطہ میں بہت ہی منفرد انداز میں کیا گیا، جس میں تمام انصار کے

علاوہ محترم امیرِ خصوصی مہمانان گرام کے علاوہ ایک اخباری نمائندہ بھی شریک ہوئیں۔ نیز رفاعی تنظیم ہیومینٹی فرسٹ اور یونیسیف کے نمائیداگان نے بھی شرکت کی۔ کھانے سے قبل ایک تقریب ہوئی جس میں دونوں رفاعی تنظیموں میں 2500 یورفی تنظیم بذریعہ نمائشی چیک تقسیم کئے گئے۔

یاد رہے کہ مورخہ 20 مئی 2017ء کو امسال مجلس انصاراللہ نیدرلینڈ کی طرف سے ایک چیرٹی ڈاک کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جس میں چار تنظیموں کے لیے 10 ہزار یورو جمع ہوئے تھے۔

## 7۔ تیسرا دن۔ اتوار 9 جولائی:

تیسرے روز کا آغاز بھی حسبِ معمول نمازِ تہجد سے ہوا۔ نمازِ فجر کے بعد درس حدیث ہوا۔ اِس کے بعد وقفہ اور پھر 9 بجے ناشتہ ہوا۔

### ورزشی مقابلہ جات:

9 بجے صبح نن سپیت میں موجود ایک کھیل کے میدان میں جا کر ورزشی مقابلہ جات کا آغاز ہوا۔ پہلے رسہ کشی اور پھر کرکٹ کے مقابلہ جات ہوئے۔ اِس کیلئے تین ریجن کی ٹیمیں بنائی گئیں تھیں۔

### علمی مقابلہ جات:

12 بجے بیت النور میں مقابلہ جات تقریر ہوا۔ تقریر فی البدیہ اور پرچہ دینی معلومات کے علاوہ مقابلہ پیغام رسانی ہوا، جس میں انصار کی بھاری تعداد نے حصہ لیا۔

### اختتامی اجلاس:

دوپہر کے کھانے اور نمازِظہر وعصر کے بعد ساڑھے 3 بجے آخری اجلاس کا آغاز تلاوت قرآنِ مجید سے ہوا۔ عہد انصاراللہ محترم صدر صاحب مجلس نے دہرایا۔ اس کے بعد نظم ہوئی۔ نظم کے بعد ناظم اعلیٰ اجتماع خاکسار نصیر احمد طاہر نے اجتماع کی رپورٹ پڑھ کر سنائی جس میں بڑے اختصار کے ساتھ شروع سے لے کر اب تک کی مساعی پیش کرنے کی کوشش کی۔

اِس کے بعد محترم صدر صاحب مجلس مکرم مرزا فخر احمد صاحب نے مختصر خطاب کیا اور شکریہ کے کلمات کہے اور پھر حضورِ اقدس کا پیغام پڑھ کر سنایا۔ صدر صاحب کے بعد محترم امیر صاحب ھبۃ النور فرحاخن صاحب نے انعامات اور سرٹیفکیٹس کی تقسیم فرمائی۔ علمی،

ورزشی مقابلہ جات میں اول دوئم آنے والے انصار نے اپنے اپنے انعامات اور سرٹیفکیٹس وصول کیے۔علاوہ ازیں حاضری اور وقارِ عمل میں آنے والی مجلس میں خصوصی کپ تقسیم کیے گئے۔اور آخر میں کارکردگی کے لحاظ سے 2016ء میں اول دوئم اور سوئم آنے والی مجالس میں خصوصی شیلڈز دی گئیں، نیز اول آنے والی مجلس ارنہم کو علمی انعامی دیا گیا۔

اس کے بعد محترم امیر صاحب ہتہ النور فرحاخن صاحب نے خطاب فرمایا جس میں مختلف جماعتی اور تربیتی امور کی طرف انصار بھائیوں کو توجہ فرمائی۔اجتماع کا اختتام دعا سے ہوا۔

**فوٹوسیشنز:** اختتامی اجلاس کے بعد گروپ فوٹو ہوئے۔ پہلے مرکزی مجلس عاملہ ملک پھر زعماء مقامی مجالس اور آخر پر تمام حاضرین اجتماع۔

**حاضری اجتماع:** خدا تعالیٰ کے خاص فضل سے تمام مقامی مجالس جن کی تعداد (۱۱) ہے سے انصار کی نمائیندگی ہوئی ۔تینوں دنوں کی کل حاضری انصار ۱۲۰ جبکہ ۲۰ مہمان بھی آئے اسطرح کل حاضری ۱۴۰ رہی۔

خاکسار

نصیر احمد طاہر

ناظم اعلیٰ سالانہ اجتماع 2017